北京大学东方语言文学系教材

# 乌尔都语
# 基础教程

（上 II 册）

# اردو کی دوسری کتاب

(حصہ اول)

山蕴　主编
黄万义　编著

北京大学出版社

# فہرست


سبق ۱ ھوانگ چی کوانگ ........ 1

سبق ۲ اولمپک کھیل ........ 13

سبق ۳ ڈاکٹر بتھیون اپنے محاذ پر ........ 26

سبق ۴ اردو زبان کے بارے میں ایک مکالمہ ........ 36

سبق ۵ بھاپ کی مشینیں ........ 48

سبق ۶ محنت کش وزرا ........ 60

سبق ۷ دکان میں ........ 71

سبق ۸ (۱) بیٹا اور ماں (۲) ھمت نہ ھارو ........ 84

سبق ۹ میاں تنگ کو اور بھیڑیا ........ 95

سبق ۱۰ بے وقوف راجہ ........ 110

سبق ۱۱ آدھی رات کو مرغے کی بانگ ........ 120

سبق ۱۲ پہلا قطرہ ........ 130

سبق ۱۳ جیسی کرنی ویسی بھرنی ........ 141

سبق ۱۴ موھن جوڈرو ........ 151

سبق ۱۵ مل کر اپنا کام بنائیں ........ 163

سبق ۱۶ لاھور کی سیر ........ 177

# پہلا سبق

## سبق

## ھوانگ چی کوانگ

ایک رات ، شانگان لینگ پہاڑ کے محاذ جنگ پر چینی عوام کے رضاکار دستے نے دشمنوں پر جوابی حملے کا آغاز کیا ۔ دشمن پل بکس میں بیٹھے ہوئے مشین گنوں سے مجنونانہ فائر کر رہے تھے ۔ گولیوں کی بوچھاڑ ھو رھی تھی ۔ ھمارے دستے کے لئے اوپر چڑھنا بالکل ناممکن تھا ۔ یہ بگڑی حالت دیکھ کر دستے کے کمانڈنگ افسر نے کہا : " ھم پل بکس کو بارود سے اڑانے کا عزم کئے ہوئے ھیں ۔ یہ فریضہ کون سر انجام دیگا ؟ "

ھوانگ چی کوانگ فوراً قطار سے باھر نکلے اور آگے بڑھتے ھی جواب دیا ۔ " میں جاؤنگا ۔ " باقی سب سپاھیوں نے بھی جانے کی پیش‌کش کی ۔ آخر کمانڈنگ افسر نے یہ فریضہ ھوانگ چی کوانگ کو سونپ دیا ۔ ان کے ساتھ دو اور سپاھیوں کو بھی بھیج دیا ۔ تینوں دستی بم لئے ہوئے لپک کر آگے بڑھنے لگے ۔

دشمن کے پل بکس سے بس تھوڑا سا فاصلہ رہ گیا تھا کہ ایک سپاھی شہید ھو گیا ۔ دوسرا سپاھی شدید زخمی ہوتے ھی بےھوش ھو گیا ۔ اس موقع پر ھوانگ چی کوانگ خود بھی زخمی ھو گئے ، اور زمین پر گر پڑے ۔ وہ زمین پر منہ کے بل لیٹے ہوئے اور اپنے رفقائے حرب پر نظر ڈالتے ہوئے دل ھی دل میں کہنے لگے : " جب تک میری سانس نہیں ٹوٹتی ، میں اپنا فریضہ ضرور پورا کرونگا ۔ " پھر وہ شدید درد کے باوجود آھستہ آھستہ ایک ایک قدم آگے رینگتے رہے ۔ اب وہ پل بکس سے بالکل قریب آ گئے ۔ وہ اپنے دانت بھینچ کر مشکل سے کھڑے ھی

ہوئے تھے اور اپنا دستی بم پھینکنے ہی والے تھے کہ ایک گولی عین ان کے سینے پر آ لگی ۔ تازہ تازہ اور سرخ سرخ خون ان کے سینے سے فوارے کی طرح پھوٹ نکلا ۔ ہوانگ چی کوانگ زمین پر گرے اور بےہوش ہو گئے ۔

سرد ہوا ہوانگ چی کوانگ کو دوبارہ ہوش میں لے آئی ۔ انہوں نے چاروں طرف اپنی نظریں دوڑائیں ، پھر پوری قوت سے ایک دستی بم پھینک دیا ۔ بم پھٹتے ہی دشمن کے پل بکس کا آدھا حصہ اڑ گیا ۔ مگر ہوانگ چی کوانگ دوبارہ بےہوش ہو گئے ۔ ان کے رفقائے حرب حملہ کر کے پہاڑ پر چڑھ آئے لیکن پل بکس میں چھپے ہوئے دشمن کے سارے سپاہیوں کا خاتمہ نہیں ہوا تھا ۔ اس لئے مشین گنوں سے پھر گولیوں کی بوچھاڑ ہونے لگی ۔

ہوانگ چی کوانگ کے جسم پر سات گہرے زخم لگ چکے تھے ، اب وہ ایک دفعہ اور ہوش میں آئے ۔ ان کو مادر وطن کے عوام کی یاد آ گئی ۔ پھر انہیں پرانے زمانے میں محنت کشوں کی گزری ہوئی تلخ زندگی کی یاد آئی ......
یکایک وہ اچھل کر دشمنوں پر ٹوٹ پڑے اور اپنے سینے سے دشمن کے پل بکس کا روزن بند کر دیا ۔

ہوانگ چی کوانگ مجاہدانہ انداز میں شہید ہو گئے ۔ " ہوانگ چی کوانگ کا انتقام لو ! " رفقائے حرب نے یہ نعرہ لگاتے ہوئے دشمن پر حملہ کر دیا اور تمام دشمنوں کو نیست و نابود کر دیا ۔

## نئے الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| مُحاذ | 战场，战线（阳） | رضاکار دستہ | 志愿军（阳） |
| محاذِ جَنگ | 战场，战线（阳） | جَوابی | 答复的（形） |
| رُضاکار | 志愿者（阳） | حَملہ | 攻击，打击（阳） |
| دَستہ | 部队，队伍（阳） | جوابی حملہ | 反击（阳） |

受伤的（形） زخمی
受伤（不及） زخمی ہونا
昏迷的，无知觉的（形） بےہوش
昏迷（不及） بےہوش ہونا
飞跑，扑过去（不及） لپکنا
躺（不及） لیٹنا
卧倒，趴下（不及） منہ کے بل لیٹنا
战友（阳、复） رفقائے حرب
投入，放进（及） ڈالنا
看，注目（及） نظر ڈالنا
呼吸（阴） سانس
断，打破（不及） ٹوٹنا
完全的（形） پورا
完成（及） پورا کرنا
爬行（不及） رینگنا
咬，压制（及） بھینچنا
恰好（副） عین
喷泉（阳） فوارہ
迸发出，涌出（不及） پھوٹ نکلنا
凉的，冷的（形） سرد
四处，四面八方（副） چاروں طرف
使跑（及） دوڑانا
扫视（及） نظر دوڑانا
炸弹（阳） bomb بم

开始，开端（阳） آغاز
开始（及） (کا) آغاز کرنا
暗堡，掩体（阳） پل بکس
pillbox
疯狂的（形） مجنونانہ
射击，火（阳） fire فائر
射击，开火（及） فائر کرنا
子弹（阴） گولی
暴雨（阴） بوچھاڑ
向上爬（不及） چڑھنا
不可能的（形） ناممکن
指挥的（形） کمانڈنگ
commanding
炸药（阴） بارود
使飞，毁掉（及） اڑانا
下决心（及） (کا) عزم کرنا
任务，义务（阳） فریضہ
完成（及） سر انجام دینا
自告奋勇（及） (کی) پیش کش کرنا
交给，托付（及） سونپنا
派遣（及） بھیجنا
手榴弹（阳） دستی بم
牺牲者，烈士（阳） شہید
牺牲（不及） شہید ہونا



试读结束，需要全本PDF请购买 www.ertongbook.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 跳起来，跳跃（不及） | اُچَھلْنا | 隐藏，躲（不及） | چُھپْنا |
| 冲向，扑向（不及） | (پر) ٹُوٹ پَڑْنا | 完结，结束（阳） | خاتِمہ |
| 洞，孔（阳） | رَخْنَہ | 消除，完结（不及） | خاتمہ ہونا |
| 方式（阳） | اَنْداز | 机关枪（阴）<br>machine gun | مَشِین گَن |
| 报仇（阳） | اِنْتِقام | | |
| 报仇（及） | (کا) انتقام لینا | 身体（阳） | جِسْم |
| 口号（阳） | نَعْرَہ | 伤口，创伤（阳） | زَخْم |
| 喊口号（及） | نعرہ لگانا | 劳动者（阳） | مِحْنَت کَش |
| 全部的（形） | تَمام | 劳动的（形） | |
| 不存在的（形） | نیسْت وْ نابُود | 痛苦的（形） | تَلْخ |
| 消灭，歼灭（及） | نیست و نابود کرنا | 突然（副） | یَکایَک |

## مکالمہ

( ۱ )

ا : معاف کیجئے ، مجھے ( آنے میں ) دیر ہو گئی ۔

甲：对不起，我来晚了。

ب : کوئی بات نہیں ، یاسمین بھی ابھی تک نہیں آئی ۔ تشریف رکھئے !

乙：没关系，雅斯敏还没来呢，请坐！

پ : معذرت چاہتی ہوں کہ آپ کو میرا انتظار کرنا پڑا ۔

丙：很抱歉，让你们等了。

ا : میں بھی ابھی پہنچی ہوں ۔

甲：我也是刚到。

ب : ٹھیک ہے ۔ سب پہنچ گئے ۔ ہمیں اب چلنا چاہیئے ۔

乙：好，都到齐了，现在我们该走了。

ا : شیاؤ چانگ ، کیا میں تمہارا کیسٹ ریکارڈر ( cassette recorder )
( کیسٹ / cassette ، ریڈیو/ radio ، کیمرا / camera ) استعمال کر
سکتا ہوں ؟

甲：小张，你的录音机（录音带、收音机、照相机）借我一下好吗？

ب : ہیر ! میرا کیسٹ ریکارڈر ؟ ہائے ، وہ ضرور کلاس روم میں رہ گیا ہے !

乙：唉，我的录音机呢？真糟糕！准是忘在教室里了。

ا : تو جاؤ ، فوراً لے آؤ !

甲：那你赶快去找来吧！

ب : اب تو بہت دیر ہو گئی ۔ کلاس روم بند ہو چکا ہوگا ۔

乙：现在太晚了，教室关门了吧。

## تشریح

۱ ۔ ہم پل بکس کو بارود سے اڑانے کا عزم کئے ہوئے ہیں ۔

我们决心用炸药炸毁暗堡。

۲ ۔ دشمن کے پل بکس سے بس تھوڑا سا فاصلہ رہ گیا تھا کہ ایک سپاہی
شہید ہو گیا ۔

离敌人的碉堡只有一点点距离时，一个战士牺牲了。

وہ اپنے دانت بھینچ کر مشکل سے کھڑے ہی ہوئے تھے اور اپنا دستی بم
پھینکنے ہی والے تھے کہ ایک گولی عین ان کے سینے پر آ لگی ۔

他咬着牙艰难地站起来，刚要扔手榴弹时，一颗子弹射中他的胸膛。

这两处都表示非常紧凑的时间概念，在这里 کہ 实际上起 اتنے میں
، عین اسی وقت 的作用。

۳ ۔ تازہ تازہ اور سرخ سرخ خون ان کے سینے سے فوارے کی طرح پھوٹ نکلا ۔

殷红的鲜血从他的胸膛中像泉水似地涌了出来。

۴ - بم پھٹتے ہی دشمن کے پل بکس کا آدھا حصہ اڑ گیا -

手榴弹一爆炸，敌人的半个暗堡就飞上了天。

现在分词的阳性复数形式加 ہی 表示“一……就……”的意思。例如：

وہ چارپائی پر لیٹتے ہی سو گیا - 他一躺到床上就睡着了。

وہ کھانا ختم کرتے ہی کتاب پڑھنے لگی -

她一吃完饭就看起书来了。

۵ - یکایک وہ دشمنوں پر ٹوٹ پڑے - 他突然向敌人扑了过去。

## قواعد

### 过去分词

*1*、过去分词的形式：

动词的单纯过去时形式（阴性复数形式与阴性单数形式相同）＋助动词 ہوا（ہوئے ، ہوئی）。现以 آنا 为例，示其变化于下：

| 性<br>数 | 阳　　性 | 阴　　性 |
|---|---|---|
| 单数 | آیا ہوا | آئی ہوئی |
| 复数 | آئے ہوئے | آئی ہوئی |

注：有时可以把 ہوا（ہوئے ، ہوئی）省去。

*2*、时间范畴：

过去分词表示已完成的情况或状态，它在谓语动词动作发生时

已成为一种完成了的情况或状态。例如:

تینوں سپاھی دستی بم لئے ہوئے لپک کر آگے بڑھنے لگے ـ

三个战士拿着手榴弹冲向前去。

3、过去分词的作用:

(1)作定语:过去分词作定语时,它的性数要和中心语一致。例如:

| | |
|---|---|
| 不利的情况 | بگڑی حالت |
| 躲着的敌人 | چھپے ہوئے دشمن |
| 写好的文章 | لکھا ہوا مضمون |
| 充满痛苦的故事 | دکھ بھری داستان |

(2)作状语:过去分词作状语时,它的形式可以随主语的性数变化,也可以用阳性复数形式。例如:

وہ میز کے پاس بیٹھی ہوئی کتاب پڑھ رہی ہے ـ

她正坐在桌子旁边看书。

مسافر چارپائی پر بیٹھا اسے دیکھ رہا ہے ـ

旅客坐在床上看着他。

她盖着被子躺在床上。 وہ چارپائی پر لحاف اوڑھے لیٹی ہے ـ

他在闭目沉思。 وہ آنکھیں بند کئے سوچ میں ڈوبا ہوا تھا ـ

他低着头来了。 وہ سر جھکائے ہوئے آیا ـ

(3)过去分词属于非谓语动词,不能作谓语。但仍保留动词的一些特点,如可受状语的修饰,及物动词也可带宾语。例如:

وہ ہاتھ میں کتاب لئے باہر نکل گئے ـ

(ہاتھ میں: 状 语; کتاب: 宾语)

他手里拿着书出去了。

# الفاظ اور جملوں کا مطالعہ

بوچھاڑ

مینہ ، اولوں ، گالیوں ، سوالوں کی بوچھاڑ

سر انجام دینا

ہم دوستی بڑھانے کے سلسلے میں ہر خدمت سر انجام دیں گے ۔

انہوں نے ایک بڑا کارنامہ سر انجام دیا ۔

انہوں نے عالمی امن کے لئے بڑی خدمات سر انجام دیں ۔

سونپنا

ملک نے جو فریضہ ہمیں سونپا ہے ، اسے ضرور پورا کریں گے ۔

آپ یہ کام ہمیں سونپ دیں ۔

میں اپنی ذمہ داری انہیں سونپ دوں گا ۔

لپک کر

اس نے لپک کر دشمن پر حملہ کیا ۔

وہ لپک کر پیچھے سے آیا ۔

میں نے لپک کر گیند پکڑ لی ۔

منہ کے بل

بچہ منہ کے بل نیچے گرا ہے ۔

اس نے سر کے بل پانی میں چھلانگ لگائی ۔

دل ہی دل میں

اس نے دل ہی دل میں فیصلہ کیا ۔

میں دل ہی دل میں سوچنے لگا ۔

نظر ڈالنا ( نظر دوڑانا )

اس نے چاروں طرف نظر ڈالی ( دوڑائی ) ۔

سبق پر ایک نظر ڈالو ( دوڑاؤ ) :

پورا کرنا

فرض ، وعدہ ، کام ، بات ، قول پورا کرنا

پھوٹ نکلنا

سخت زمین سے پودا پھوٹ نکلا ۔

پہاڑ سے چشمہ پھوٹ نکلا ۔

خاتمہ ہونا

دشمن کا خاتمہ ہو گیا ۔

بیماری کا خاتمہ ہو گیا ۔

جھگڑے کا خاتمہ ہو گیا ۔

ٹوٹ پڑنا

بھیڑیا بکریوں پر ٹوٹ پڑا ۔

لوگ اناج کی دکان پر ٹوٹ پڑے ۔

نیست و نابود کرنا

دشمن نے گولہ باری کر کے شہر کو نیست و نابود کر دیا ۔

دشمن نے ساری آبادی کو نیست و نابود کر دیا ۔

ہوش میں آنا ( لے آنا )

مریض ہوش میں آ گیا ۔

ڈاکٹر مریض کو ہوش میں لے آیا ۔

## مشق

一、完成下列各句:

١ ـ گھنٹی بجتے ہی ......

٢ ـ دشمنوں کے پل بکس کے بالکل قریب پہنچتے ہی ......



试读结束，需要全本PDF请购买 www.ertongbook.com

۳ - یہ خوش‌خبری سنتے ہی ۰۰۰۰۰۰

۴ - گولی ان کے سینے پر لگتے ہی ۰۰۰۰۰۰

۵ - ہاتھی کے پہلو کو ہاتھ سے چھوتے ہی ۰۰۰۰۰۰

۶ - اس کی شکل دیکھتے ہی ۰۰۰۰۰۰

۷ - بجلی کا بٹن دباتے ہی ۰۰۰۰۰۰

۸ - اس لڑکے کی چیخ پکار سنتے ہی ۰۰۰۰۰۰

۹ - اس منظر کی یاد آتے ہی ۰۰۰۰۰۰

۱۰- برتن زمین پر گرتے ہی ۰۰۰۰۰۰

۱۱- ہسپتال سے بس تھوڑا سا فاصلہ رہ گیا تھا کہ ۰۰۰۰۰۰

۱۲- پہاڑ کی چوٹی سے بس تھوڑا سا فاصلہ رہ گیا تھا کہ ۰۰۰۰۰۰

۱۳- بہت زیادہ مشکلات کے باوجود ۰۰۰۰۰۰

۱۴- بڑی تھکاوٹ کے باوجود ۰۰۰۰۰۰

۱۵- وہ دشمنوں کے پل بکس کے پاس پہنچنے ہی والے تھے کہ ۰۰۰۰۰۰

۱۶- لاؤ وانگ صبح اپنے کام پر چلنے ہی والا تھا کہ ۰۰۰۰۰۰

二、用适当的分词填空：

۱ - طالب‌علم کلاس روم میں _____ (بیٹھنا) مشق کر رہے ہیں -

۲ - شیاؤ لی ڈاک‌خانے میں _____ (جانا) ایک خط پوسٹ کریگا -

۳ - بچوں کا ایک گروپ گانا _____ (گانا) باغ کی طرف آ رہا ہے -

۴ - آندھی سے بہت سے درخت _____ (گرنا) زمین پر آ پڑے -

۵ - سب لوگ اپنے ہاتھوں میں لاٹھیاں _____ (لینا) اس طرف بھاگے -

۶ - لئی فنگ کی دکھ بھری کہانی _____ (سننا) اس کے بچپن کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے ؟

۷ - دشمن پل بکس میں _____ (چھپنا) ان پر مجنونانہ فائر کر رہے تھے -

۸ - گولی سینے پر لگنے سے وہ _____ ( بےہوش ہونا) زمین پر گر پڑے -

۹ ـ لوگ هوانگ چی کوانگ کی ______ (قائم کرنا) مثال سے بہت متاثر ہوئے
اور ان کا انتقام لینے کا نعرہ ______ (لگانا) دشمنوں پر ٹوٹ پڑے ـ
۱۰ـ ان کے رفقائے حرب نے دشمنوں پر ______ (حملہ کرنا) انہیں
نیست و نابود کر دیا ـ

三、翻译下列句子：

1. 孩子们手里摇着小旗和鲜花，朝她跑了过去。
2. 我们在会上将讨论他们制定的计划。
3. 工人们决心在今年11月份完成全年的任务。
4. 每天一清早，他就起床到运动场去锻炼。
5. 老王一看到这幅画就想起自己的童年来。
6. 昨天他一来到办公室就给小王打了个电话。
7. 雨一停我们就出发。
8. 尽管下着大雪，战士们仍然在进行军事训练。
9. 尽管身体有病，他还是来上班了。
10. 尽管困难很大，我们还是应该把这个任务完成好。
11. 尽管身上受了七处重伤，他仍然一步一步地朝前面爬去。
12. 当离电影结束只有一点点时间的时候，天突然下起大雨来。
13. 高玉宝克服了许多困难，最后把自己过去的痛苦生活写成了一本小说。
14. 现在离下课还有十分钟，你们把这课文复习一下。
15. 战士们在反击中将敌人全部消灭了。
16. 他们为黄继光报了仇。

四、翻译下面的短文：

向敌人发起进攻的时间就要到了。这时，躲在暗堡里的敌人正

疯狂地向我们部队射击。子弹像雨点般飞来。部队不能前进了。见此情景，董存瑞拿起炸药包，跃出工事，朝暗堡方向匍匐前进。很快他就来到暗堡的下面。这儿原来是一座桥，暗堡就在桥的上面。但是他却没有找到放置炸药的地方。时间正一秒一秒地过去，他看到由于敌人的火力凶猛，我们的许多战士一个接一个地倒下了。于是，他用自己的手托起炸药包……

随着一声巨响，敌人的暗堡飞上了天，而我们的好战友董存瑞同志却英勇地牺牲了。

# دوسرا سبق

## سبق

## اولمپک کھیل

اولمپک مقابلوں کی ابتدا ۷۷۶ ق ۔ م میں ہوئی ۔ شروع شروع میں صرف دوڑ کا مقابلہ یونان کے قدیم شہر اولمپیا میں منعقد ہوتا تھا ۔ جیتنے والے کو زیتون کی نرم شاخوں کا تاج پہنایا جاتا تھا ۔ کچھ عرصے کے بعد یہ مقابلہ ہر چوتھے سال منعقد ہونے لگا ، اور یہ ایک مقدس تہوار بن گیا ۔ رفتہ رفتہ اس جشن میں دوڑ کے علاوہ اور بھی کھیل شامل ہو گئے ۔ ان میں شہسواری ، لمبی چھلانگ ، نیزہ پھینکنا ، ڈسک پھینکنا اور دو سو میٹر کی دوڑ خاص طور پر قابل ذکر ہیں ان مقابلوں میں سے پانچ میں برتری حاصل کرنے والے کو " فاتح اولمپک" قرار دیا جاتا تھا ۔ بعد میں ان مقابلوں میں کشتی اور مکہ بازی کو بھی شامل کر لیا گیا ۔

پانچویں صدی قبل مسیح تک یہ جشن یونان کا مقبول ترین جشن بن گیا تھا ۔ ملک بھر میں اس کی تیاریاں بڑے جوش و خروش سے کی جاتی تھیں ۔ لیکن کچھ عرصے بعد بعض وجوہات کی بنا پر اولمپک کھیلوں کا یہ سلسلہ بند کر دیا گیا اور صدیوں تک کسی نے اس طرف توجہ نہ کی ۔ یہ مقابلے ایک بھولی بسری کہانی بن گئے ۔

بیسویں صدی میں بعض مغربی محققین کی تحریک پر ایک بار پھر ان کھیلوں کا اجرا ہوا اور دنیا بھر کے ممالک ان میں حصہ لینے لگے ۔ ایشیا میں پہلی بار یہ مقابلے ۱۹۶۴ء میں ٹوکیو (جاپان) میں منعقد ہوئے ۔

اولمپک کھیلوں کی رسومات کا آغاز قدیم شہر اولمپیا ھی سے ھوتا ھے۔ وھاں کے قدیم مندروں کے کھنڈرات میں اولمپک مشعل روشن کی جاتی ھے ۔ مشعل ایک نوجوان لڑکی کو دی جاتی ھے ۔ یہ لڑکی قدیم دیوی کے روایتی لباس میں ملبوس ھوتی ھے ۔ یہ لڑکی وہ مشعل ایک یونانی کھلاڑی کو دے دیتی ھے ، اور کھلاڑی مشعل لے کر اولمپیا سے روانہ ھوتا ھے ۔ پہلے سے طےشدہ مقامات پر یہ مشعل ایک سے دوسرے اور دوسرے سے تیسرے نوجوان کے ھاتھوں میں منتقل ھوتی رھتی ھے ۔ بالآخر اس سال کے اولمپک کھیلوں کے انعقاد کے مقام پر پہنچتی ھے ۔

کھیلوں کی افتتاحی تقریب اس طرح شروع ھوتی ھے کہ مختلف ملکوں سے آئی ھوئی ٹیمیں اپنے اپنے ملک کے جھنڈے اور نام کے ساتھ کھیلوں کے میدان سے گزرتی ھیں اور پھر اپنی اپنی جگہ پر آ کر کھڑی ھو جاتی ھیں ۔ اس وقت اولمپک کا جھنڈا بلند کیا جاتا ھے ۔ نقارے بجتے ھیں ۔ کبوتر چھوڑے جاتے ھیں اور تین توپیں داغی جاتی ھیں ۔ میزبان ملک کا سربراہ مقابلوں کے افتتاح کا اعلان کرتا ھے ۔ عین اسی وقت اولمپک مشعل میدان میں لائی جاتی ھے ۔ مشعل بردار اسے ایک مقررہ جگہ پر لگا دیتا ھے ۔ یہ مشعل کھیلوں کے دوران پورے دو ھفتے تک جلتی رھتی ھے ۔ اب میزبان ملک کا قومی ترانہ بجتا ھے اور کھیل شروع ھو جاتے ھیں ۔ اس موقع پر اھم کھیلوں کو ٹیلی‌ویژن پر دکھایا جاتا ھے اور ریڈیو سے کھیلوں کا آنکھوں دیکھا حال نشر کیا جاتا ھے ۔

ھر مقابلے کے اختتام پر اول ، دوم اور سوم آنے والے کھلاڑیوں یا ٹیموں کو انعام دیا جاتا ھے ۔ اول آنے والوں کو طلائی ، دوم آنے والوں کو نقرئی اور سوم آنے والوں کو کانسی کا تمغہ دیا جاتا ھے اور ان کی تصاویر اتاری جاتی ھیں ۔ اس تقریب پر اول آنے والے ملک کا قومی ترانہ بجایا جاتا ھے ، اور شرکا اول آنے والے ملک کے پرچم کو سلامی دیتے ھیں ۔

تمام کھیلوں کے اختتام پر ایک بار پھر سب شرکا میدان میں جمع ھوتے ھیں۔

یونان کے پرچم کے ساتھ موجودہ اور آئندہ میزبان ممالک کے پرچموں کو سلامی دی جاتی هے ۔ پھر میزبان ملک کا سربراہ اولمپک کھیلوں کے باقاعدہ اختتام کا اعلان کرتا هے ۔ ایک بار پھر توپیں داغی جاتی هیں ۔ نقارے بجائے جاتے هیں ۔ اولمپک کا پرچم آهسته آهسته اترتا هے ۔ شمع بجھا دی جاتی هے اور اسی کے ساتھ اولمپک کھیل اپنے اختتام کو پہنچتے هیں ۔

## نئے الفاظ

| | |
|---|---|
| اولمپک | 奥林匹克（阳）Olympic |
| کھیل | 运动，游戏，运动会（阳） |
| قبلِ مسیح (ق ـ م) | 公元前（副） |
| مقابلہ | 比赛，对抗（阳） |
| ابتدا | 开始，起源（阴） |
| یونان | 希腊（国名） |
| قدیم | 古老的（形） |
| اولمپیا | 奥林匹亚（地名）Olympia |
| جیتنا | 赢，得胜（不及，及） |
| منعقد هونا | 举行，召开（不及） |
| زیتون | 橄榄（阳） |
| شاخ | 树枝（阴） |
| تاج | 皇冠（阳） |
| پہنانا | 给戴上，使穿上（及） |
| مقدس | 神圣的（形） |
| رفته رفته | 渐渐地，慢慢地（副） |
| شہسواری | 骑术，马术（阴） |
| لمبی چھلانگ | 跳远（阴） |
| ڈسک | 铁饼（阴）discus |
| میٹر | 米（阳）metre |
| خاص طور پر | 特别，尤其（副） |
| برتری | 优胜，领先（阴） |
| فاتح | 胜利者（阳） |
| قرار دینا | 确定（及） |
| کشتی | 摔交（阴） |
| مکہ بازی | 拳击（阴） |
| صدی | 世纪（阴） |
| قبل | 以前（副） |
| مقبول | 被接受的（形） |
| مقبول ترین | 最受欢迎的（形） |
| بھر | 全部的，完全的（形） |
| ملک بھر | 全国 |
| وجوہات | 原因，理由（阴，复） |
| کی بنا پر | 由于……（后） |



试读结束，需要全本PDF请购买 www.ertongbook.com